سجدے کی دعا

١- «سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى» تین مرتبہ "پاک ہے میرا رب سب سے بلند" (ابوداود وترمذی)

٢- «سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي» "پاک ہے تو اے اللہ اے ہمارے رب اور اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ مجھے بخش دے"۔ (بخاری ومسلم)

٣- «سُبُّوحٌ، قُدُّوسٌ، رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ» "بہت پاکیزگی والا بہت مقدس ہے فرشتوں اور روح کا رب"۔ (مسلم)

٤- «اللهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ، وَصَوَّرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ»

"اے اللہ! میں نے تیری ہی لئے سجدہ کیا، تجھی پر ایمان لایا، تیرا ہی فرمانبردار بنا، میرے چہرے نے اس ہستی کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا، اس کی صورت بنائی، اور اس کے کانوں اور آنکھوں کے شگاف بنائے برکت والا ہے اللہ جو تمام بنانے والوں سے اچھا ہے"۔ (مسلم)

٥- «سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ» "پاک ہے بہت بڑے جبر اور بہت بڑے ملک والا اور بڑائی اور عظمت والا" (ابوداود)

٦- « اللهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ دِقَّهُ، وَجِلَّهُ، وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ»

"اے اللہ میرے چھوٹے بڑے، پہلے پچھلے، ظاہر اور پوشیدہ تمام گناہوں کو بخش دے"۔ (مسلم)

٧- «اللهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ»

" اے اللہ میں تیرے غصے سے تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں اور میں تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں۔ میں پوری طرح تیری تعریف نہیں کر سکتا۔ تو اس طرح ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف خود کی ہے"۔(مسلم)